DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27-05-2023

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگر اخبارات | کوئٹہ کو سیف سٹی بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، گورنر عبدالوالی کاکڑ | 01 |
| مشرق ودیگر اخبارات | عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنانے میں پولیس کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں، عبدالقدوس بزنجو | 02 |
| مشرق ودیگر اخبارات | نفرت کی سیاست ختم کر کے ملک کو مضبوط کرنا ہوگا، مولانا عبدلواسع | 03 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے موثر اقدامات جاری، طوراوتمانخیل | 04 |
| جنگ ودیگر اخبارات | ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے سیاسی جماعتوں اور عوام کو ایک پیج پر متحد ہونا پڑے گا، سکندر عمرانی | 05 |
| آزادی ودیگر اخبارات | شہداء کی ملک کیلئے عظیم قربانیوں کی کبھی بھلایا نہیں جاسکتا، میر محمد خان لہڑی | 06 |
| مشرق ودیگر اخبارات | ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے کوئٹہ خوبصورت اور ترقی یافتہ شہر بن جائے گا، چیف سیکرٹری | 07 |
| جنگ ودیگر اخبارات | قومی شاہراہوں پر جلد بازی غفلت اور لاپرواہی ہر سال ہزاروں جانیں لیتی ہے، آئی جی پولیس | 08 |
| سینچری ودیگر اخبارات | سبی قانون کی بالادستی اور جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، محمد یوسف بھنگر | 09 |
| جنگ ودیگر اخبارات | یادگار شہدا کی حفاظت اور لواحقین سے اظہار یکجہتی قوم کا فرض ہے فرح عظیم شاہ۔ | 10 |
| جنگ ودیگر اخبارات | 9 مئی کے واقعات افسوسناک قوم اپنے شہداء کیساتھ کھڑی ہے، وزراء ارکان اسمبلی | 11 |
| جنگ ودیگر اخبارات | افواج پاکستان کی تکریم قوم کے دلوں موجود ہے، وائس چانسلر چاکر خان یونیورسٹی | 12 |
| جنگ ودیگر اخبارات | وطن کی خاطر جانیں قربان کرنے والوں کا احترام ہر پاکستانی کا فرض ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | 13 |
| جنگ ودیگر اخبارات | سبی میں مضرصحت دودھ بیچنے والوں پر مکمل پابندی عائد دکانیں سیل | 14 |
| جنگ ودیگر اخبارات | کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی انتہائی سخت | 15 |
| جنگ ودیگر اخبارات | واجبات کی عدم ادائیگی پر ایوب اسٹیڈیم کی بجلی منقطع | 16 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بلوچستان اسمبلی اپنی وقعت کھو چکی اپوزیشن نام کی مخلوق نہیں، جان محمد بلیدی | 17 |

## امن وامان

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں 8 ملزمان گرفتار، سرکاری نمبر پلیٹ والی گاڑیوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ہرنائی بم حملہ جاں بحق افراد کی تدفین، اوستہ محمد شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے 12 سالہ بچہ جاں بحق، سبی میں عدالتی پیشی کیلئے آئے دوگروپوں میں تصادم چار افراد زخمی، صحبت پور جرائم پیشہ افراد سے فائرنگ کے تبادلے میں تھانیدار جاں بحق، ہرنائی زردالو کے علاقے میں دو بم دھماکے دو افراد جاں بحق چھ شدید زخمی، ایئر پورٹ روڈ سے غیر قانونی بکرا پیڑی ختم 10 بیوپاری گرفتار، پستول برآمد ہونے پر ایک شخص گرفتار،

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27-05-2023

## عوامی مسائل

شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں کاظم لونی، ریلوے سوسائٹی جوائنٹ روڈ وملحقہ علاقوں میں گیس تین روز سے بند، کچھی میں ملیریا اور ٹائیفائیڈ پھیل گیا حکومت غافل، سریاب روڈ توسیعی پراجیکٹ عوام کیلئے عذاب بن گیا، کوئٹہ میں پانی کا بحران، ٹینکر مافیا کی من مانیاں، کوڑاسک کودہ کا علاقہ بنیادی ضروریات سے محروم کوئی پرساں حال نہیں، ڈھاڈر، کچھی میں ملیریا سمیت وبائی امراض تیزی سے پھیل رہی ہیں، عوامی حلقے

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **" گوادر پورٹ کی فعالیت خوشحال بلوچستان کا خواب"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گوادر بندرگاہ کی فعالیت اور چین کی بڑھتی ہوئی دلچسپی سے بہت جلد خوشحال بلوچستان کا خواب پورا ہوگا ماضی میں سی پیک منصوبوں میں سست روی کے باعث مایوسی پیدا ہوئی تھی جبکہ چین کی جانب سے بھی ناراضی دیکھنے میں آیا تھی مگر خطے میں جس طرح سے معاشی، سفارتی دفاعی تعلقات میں تبدیلی آرہی ہے اس سے یقیناً ہر ملک اپنے مفادات کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے دوست مما لک سے روابط کو مزید گہرے تعلقات میں تبدیل کرنا چاہے گا پاک چین تعلقات میں مضبوطی ماضی میں بھی بہت شاندار رہی ہے مگر حالیہ مثال جو چین نے ایک دوست ملک کے طور پر قائم کیا اس کی نظیر نہیں ملتی جب آئی ایم ایف کے شرائط سامنے آئے جس پر چین نے سب سے پہلے پاکستان کی مالی مدد کی بہر حال اب گوادر بندرگاہ سے براہ راست برآمدات کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے اس سے گوادر بندرگاہ میں کاروباری سرگرمیان بڑھ جائیں گی۔

## اداریے:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"تربت کھجور فیکٹری کاقیام حکومت کا کسان دوست اقدام "** کے عنوان سے چاکر کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"فورسز اور وعوام اپنے ملک کی خاطر ہر قربانی دینے کو تیا رہیں "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ **"اوستہ محمد ضلع کا قیام اورمیر جان محمد جمالی کی کا وشین "** عنوان سے اختر منگی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 27 MAY 2023

Bullet No. 1

Page No: 1


## کوئٹہ کو سیف سٹی بنانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، گورنر کاکڑ

### پولیس سپاہیوں کی قربانیوں پر فخر ہے، یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی

### بجٹ میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کیلئے زیادہ فنڈز مختص کیے جائیں، چیف سیکرٹری سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ کوئٹہ کو سیف سٹی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں شہر کے مختلف مقامات پر نگران کیمرے کی تنصیب کے باوجود جرائم میں کمی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مکمل فعالیت اور استعداد کار کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے ہمیں اپنے پولیس کے سپاہیوں پر فخر ہیں اور ہم شہدائے پولیس کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جمعہ کو یادگار شہدائے پولیس پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے موقع پر کیا گورنر کو صوبے میں امن وامان کی تازہ ترین صورتحال اور ڈیجیٹل کنٹرول روم سے متعلق بریفنگ بھی دی گئی اس موقع پر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ اور دیگر پولیس آفیسرز بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں پائیدار امن کا قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے حوالے سے محکمہ پولیس کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے پولیس لائن کوئٹہ میں یادگار شہدائے پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد نہ صرف نظر آنا چاہیے بلکہ ان کے ثمرات بھی عام آدمی تک پہنچنے چاہیے بلوچستان پبلک سیکٹر کی متعدد یونیورسٹیز مالی بحران کا شکار ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ ان اعلیٰ تعلیمی اداروں کی مالی مشکلات ترجیح بنیادوں پر حل کی جائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنر ہاؤس کوئٹہ میں چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کے ساتھ ملاقات میں کیا گورنر نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں یونیورسٹیز اور دیگر اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ فنڈز مختص کرنے کی کوشش کی جائے کیونکہ ان سے ہمارا مستقبل اور ہماری آنے والی نسلوں کی زندگیاں وابستہ ہیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ پالیسی سازی میں مفاد خلق کو اولیت دیکر ہی صوبے کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بھی عام آدمی تک پہنچنے چاہئیں، عبدالولی کاکڑ

### بلوچستان پبلک سیکٹر کی متعدد یونیورسٹیز مالی بحران کا شکار، ضرورت اس امر کی ہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو درپیش مالی مشکلات ترجیحی بنیادوں پر حل کی جائیں

### بجٹ میں یونیورسٹیز اور دیگر اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ فنڈز مختص کرنے کی کوشش کی جائے، چیف سیکرٹری سے گفتگو

### کوئٹہ کو سیف سٹی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں، اپنے سپاہیوں پر فخر ہیں اور ہم شہدائے پولیس کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد نہ صرف نظر آنا چاہیے بلکہ ان کے ثمرات بھی عام آدمی تک پہنچنے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پبلک سیکٹر کی متعدد یونیورسٹیز مالی بحران کا شکار ہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ ان اعلیٰ تعلیمی اداروں کو درپیش مالی مشکلات ترجیح بنیادوں پر حل کی جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ ......

بقیہ نمبر 36 صفحہ 9 پر

میں چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں یونیورسٹیز اور دیگر اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ فنڈز مختص کرنے کی کوشش کی جائے کیونکہ ان سے ہمارا مستقبل اور ہماری آنے والی نسلوں کی زندگیاں وابستہ ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta
27 MAY 2023

1 2

# Governor directs implementation of uplift projects



**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar on Friday called for the implementation of development projects so that common people could be facilitated.

He expressed these views while talking to Chief Secretary Balochistan Abdul Aziz Uqaili called on him at Governor House Quetta. The Governor of Balochistan said that several public sector universities of Balochistan were suffering from financial crisis.

It is necessary that the financial difficulties faced by these higher educational institutions should be resolved on a priority basis, he said. Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that in the upcoming budget, efforts should be made to allocate maximum funds keeping in mind the problems of universities and other higher education institutions, because they would protect our future and our generations.

He said that the overall development and prosperity of the province could be ensured only by giving priority to the interests of the people in policy-making.

Moreover, Governor Balochistan Malik Abdul Wali Kakar on Friday laid a floral wreath at the Yadgar-e-Shuhada-e-Police. Inspector General Police Balochistan Abdul Khaliq Shaikh and senior police officers were also present during his visit to the monument of Police martyrs.

While talking to the police high-ups, the governor said, "We are proud of our forces who laid down their lives for their motherland." He also commended the services of the police force for the durable peace and security in the province.

Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that all necessary steps are being taken to make the provincial capital Quetta a safe city. Despite the installation of surveillance cameras at various places in Quetta city, there is a need to further improve their full functionality and efficiency to ensure reduction in crime. He said that we are proud of our police soldiers and we value the sacrifices of police martyrs.

Governor said that the efforts of the police department in terms of establishing lasting peace in the province and protecting the lives and property of the people are worthy of praise.

Earlier, the Governor was briefed on the overall law and order situation in Balochistan and the working of the digital control room.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 27 MAY 2023

Page No: 3


# عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے میں پولیس کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں، قدوس بزنجو

**عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کیلئے ہمیں بھی جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ پولیس صوبے میں امن وامان کے قیام اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں بلوچستان پولیس نے جو کردار ادا کیا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ سائلین کی شکایات کے فوری حل اور قانون کے مطابق ایف آئی آر کے اندراج کے حوالے سے عوام کی شکایات کے ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں قائم ڈیٹا کیمونیکیشن اینڈ کمانڈ سینٹر کے معائنے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ نے پولیس کی کارکردگی اور سینٹر میں دستیاب سہولتوں کے بارے میں بریفنگ دی صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے وزیراعلیٰ نے ڈیٹا کیمونیکیشن اینڈ کمانڈ سینٹر کے قیام کو امن امان کی بہتری کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے لئے ہمیں بھی جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا خاص طور سے دہشت گردی کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے اپنی فورسز کی استعداد کار میں اضافہ ہماری اولین ترجیح ہے حکومت پولیس کی کارکردگی میں مزید اضافہ کے لئے تمام وسائل فراہم کریگی وزیراعلیٰ نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ پولیس پر عوام کے اعتماد کو بڑھانے کے لئے اقدامات کی جائیں تھانہ کلچر میں بنیادی تبدیلیاں لاتے ہوئے اسے عوام دوست بنایا جائے اور دوران چیکنگ عوام کی عزت نفس کو ہر صورت بحال رکھا جائے جبکہ دوران تفتیش ملزمان سے بہتر رویہ روا رکھا جائے وزیراعلیٰ نے پولیس فورس کے مورال اور عزم وحوصلہ کو بلند کرنے پر آئی جی پولیس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم فخر سے یہ بات کر سکتے ہیں گزشتہ چند عرصہ میں بلوچستان پولیس ایک اسٹرائکنگ فورس کے طور پر ابھری ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ مزید بہتری آئے گی۔

MASHRIQ QUETTA

# پولیس کی کارکردگی میں مزید اضافے کیلئے تمام وسائل فراہم کرینگے، عبدالقدوس بزنجو

**ڈیٹا کیمونیکیشن اینڈ کمانڈ سینٹر کا قیام امن امان کی بہتری کی جانب اہم پیش رفت، عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہمیں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا**

**امید ہے کہ پولیس سائلین کی شکایات کے فوری حل اور قانون کے مطابق ایف آئی آر کے اندراج کیلئے عوام کی شکایات کے ازالے کو بھی یقینی بنائے گی**

**پولیس پر عوام کے اعتماد کو بڑھانے کے لئے اقدامات کی جائیں تھانہ کلچر میں بنیادی تبدیلیاں لاتے ہوئے اسے عوام دوست بنایا جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے امن امان کے قیام اور عوام کی جان مال کے تحفظ کے لئے بلوچستان پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ سائلین کی شکایات کے فوری حل اور قانون کے مطابق ایف آئی آر کے ......... بقیہ نمبر 3 صفحہ 9 پر

اندراج کے حوالے سے عوام کی شکایات کے ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل پولیس آفس میں قائم ڈیٹا کیمونیکشن اینڈ کمانڈ سینٹر کے معائنے کے موقع پر کیا جہاں انہیں آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ نے پولیس کی کارکردگی اور سینٹر میں دستیاب سہولتوں کے بارے میں بریفنگ دی صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے وزیراعلیٰ نے ڈیٹا کیمونیکیشن اینڈ کمانڈ سینٹر کے قیام کو امن امان کی بہتری کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے لئے ہمیں بھی جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا خاص طور سے دہشت گردی کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے اپنی فورسز کی استعداد کار میں اضافہ ہماری اولین ترجیح ہے حکومت پولیس کی کارکردگی میں مزید اضافہ کے لئے تمام وسائل فراہم کریگی وزیراعلیٰ نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ پولیس پر عوام کے اعتماد کو بڑھانے کے لئے اقدامات کی جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 27 MAY 2023

Page No: 4


# CM for prompt redressal of public complaints

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo while appreciating the efforts of Balochistan Police for the establishment of law and order and protection of life and property of the people expressed hope for the immediate resolution of the complaints of the civilians and registration of FIR as per the law and redressal of public grievances will also be ensured.

He expressed these views on the occasion of inspection of the Data Communication and Command Center established at the Central Police Office, where he was briefed by IG Police Abdul Khaliq Sheikh about the performance of the police and the facilities available in the center.

The Provincial Interior Minister Mir Zia Longo was also with the Chief Minister.

The Chief Minister termed the establishment of the data communication and command center as an important development towards the improvement of law and order and said that in order to be in tune with the contemporary requirements, we also have to modern technology will have to be used, especially increasing the efficiency of our forces to deal with the challenge of terrorism is our first priority.

The government will provide all the resources to further increase the efficiency of the police. He said that steps should be taken to increase the public's trust in the police by making fundamental changes in the culture of the police station and making it public-friendly and maintaining the self-esteem of the people during the checking and maintaining a better attitude towards the accused during the investigation.

Appreciating the IG Police for raising the morale and determination of the police force, he said that today we can proudly say that Balochistan Police has emerged as a striking force in the last few years and with the passage of time, more improvements have been made

## ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے کوئٹہ خوبصورت اور ترقی یافتہ شہر بن جائے گا، چیف سیکرٹری

### ترقیاتی منصوبوں کے راستوں میں درختوں کو لگانے سے شہر کی خوبصورتی مزید بہتر ہوجائے گی

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ شہر کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے کوئٹہ ایک جدید خوبصورت اور ترقی یافتہ شہر بن جائے گا اور ترقیاتی منصوبوں کے راستوں میں درختوں کو لگانے سے شہر کی خوبصورتی مزید بہتر ہوجائے گی۔ کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل ہوں گے تو ترقی ہوگی اور عوام خوشحال ہونگے ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کوئٹہ ڈیویلپمنٹ پیکج کے پراگریس ریویو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کوئٹہ/وزیراعلیٰ ڈیویلپمنٹ پیکج کے تحت شہر میں زیر تعمیر سریاب روڈ، سبزل روڈ، مغربی بائی پاس، ریڈیو پاکستان روڈ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے 30 جون تک مکمل کیے جائیں گے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو، سیکرٹری یو پی اینڈ ڈی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ عبدالجبار بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ ودیگر متعلقہ حکام موجود تھے۔ انہوں نے ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر تمام حائل رکاوٹوں کو جلد از جلد دور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سریاب روڈ ترقیاتی منصوبے پر کام کی رفتار کو تیز کر کے 30 جون تک تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے منصوبوں کی تکمیل میں درپیش مسائل کو جلد حل کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر منصوبوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ جون کے مہینے میں ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے کوئٹہ جدید اور ترقی یافتہ شہر بن جائیگا، چیف سیکرٹری

### ترقیاتی منصوبوں کے راستوں میں درختوں کو لگانے سے شہر کی خوبصورتی مزید بہتر ہوجائے گی، کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا

### شہر میں زیر تعمیر سریاب روڈ، سبزل روڈ، مغربی بائی پاس، ریڈیو پاکستان روڈ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی جائے، عبدالعزیز عقیلی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ شہر کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے کوئٹہ ایک جدید خوبصورت اور ترقی یافتہ شہر بن جائے گا اور ترقیاتی منصوبوں کے راستوں میں درختوں کو لگانے سے شہر کی خوبصورتی مزید بہتر ہوجائے گی۔ کوئٹہ ترقیاتی پیکج شہر کی ترقی کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل ہوں گے تو ترقی ہوگی اور عوام خوشحال ہونگے ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کوئٹہ ڈیویلپمنٹ پیکج کے پراگریس ریویو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کوئٹہ/وزیراعلیٰ......

بقیہ 61 صفحہ نمبر 9 پر

ڈیویلپمنٹ پیکج کے تحت شہر میں زیر تعمیر سریاب روڈ، سبزل روڈ، مغربی بائی پاس، ریڈیو پاکستان روڈ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے 30 جون تک مکمل کیے جائیں گے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمن بلوچ، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو، سیکرٹری یو پی اینڈ ڈی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ عبدالجبار بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ ودیگر متعلقہ حکام موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

DATE: 27 MAY 2023

Bullet No. 2

Page No: 8


# جوانوں کی قربانیوں کی بدولت ملک میں امن قائم ہے، آئی جی پولیس

## شہداء کی فرض شناسی اور عظیم قربانیوں کے طفیل ہم ایک آزاد فضا میں زندگی بسر کر رہے ہیں، شہداکی قربانیاں اور غازیوں کی خدمات ہمارا قیمتی اثاثہ اور سرمایہ افتخار ہیں

## بلوچستان پولیس بطور ادارہ خود سے منسلک ہر فرد اور اس کے لواحقین کو ہمیشہ یاد رکھتا ہے، ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ شہداء ہیں، ان کے خاندان کی ہر سپورٹ پر مجھے فخر ہے، عبدالخالق شیخ

کوئٹہ (خ ن) ''یوم تکریم شہداء پاکستان کے حوالے سے سینٹرل پولیس آفس میں شہدائے اعزاز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی بلوچستان پولیس عبدالخالق شیخ نے کہا کہ آپریشنز کے دوران بہادری اور قوم کے لئے شاندار خدمات پر پاک فوج، پولیس اور سیکورٹی اداروں کے افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہی کی بدولت آج ملک پاکستان میں امن قائم ہوا ہے۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی پولیس بلوچستان جواد احمد ڈوگر،

بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

ایڈیشنل آئی جی و کمانڈنٹ بی سی سلمان چوہدری، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی کاشف عالم، ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر و سپیشل برانچ شہاب عظیم لہڑی، ڈی آئی جی کرائم برانچ ایاز احمد بلوچ، ڈی آئی جی اے ٹی ایف منیر مسعود، اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ نجیب اللہ پندرانی، اے آئی جی آپریشن عبدالحق عمرانی، اے آئی جی فنانس سہیل احمد شیخ، اے آئی جی ڈویلپمنٹ جاوید احمد قریشی، اے آئی جی لیگل سید عثمان غنی، اے آئی جی کمپلین عاطف سلیم، اے آئی جی ٹریننگ شیر علی، اے آئی جی جنرل ڈاکٹر سمیع، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ذوہیب محسن سمیت پولیس کے سینئر افسران اور شہداء کے لواحقین بھی شریک تھے۔ آئی جی پولیس نے مزید کہا کہ بلاشبہ شہدا کی فرض شناسی اور عظیم قربانیوں کے طفیل ہم ایک آزاد فضا میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ شہداکی قربانیاں اور غازیوں کی خدمات ہمارا قیمتی اثاثہ اور سرمایہ افتخار ہیں۔

92 نیوز کوئٹہ

# روڈ سیفٹی آگہی مہم شروع کی جائیگی، آئی جی پولیس

## ڈرائیونگ کے دوران سیٹ بیلٹ باندھیں اور موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال کریں، عبدالخالق

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ پولیس گرامر اسکول کے بعد روڈ سیفٹی آگہی مہم کا سلسلہ اسکول، کالج اور تمام تعلیمی اداروں میں شروع کر دیا جائے گا۔ روڈ سیفٹی وال آگہی مہم سے ٹریفک قوانین کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈرائیونگ کریں۔ اس مہم کے ذریعے ٹریفک قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے خطرناک حادثے سے بھی بچا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان میں پہلی بار روڈ سیفٹی وال آگہی مہم کے اجراء کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کم عمر ڈرائیور کی بھر مار اور غلط ڈرائیونگ کرنے سے ٹریفک حادثات میں زیادہ تر انسانی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے۔ ڈرائیونگ کے دوران سیٹ بیلٹ باندھنا اور موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال نہ کرنے سے کافی نقصان ہوتا ہے۔ اس صورتحال سے نکلنے کیلئے معاشرے میں اساتذہ اور والدین کا کردار انتہائی اہم ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا دین اپنی اور دوسروں کی نہ صرف حفاظت کا درس دیتا ہے بلکہ دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا بھی ہمارا مذہبی اور قومی فریضہ ہے۔ تیز رفتار موٹر سائیکل چلانے والے بچوں پر والدین بھی گہری نظر رکھیں۔ انہیں گھر میں موٹر سائیکل احتیاط سے چلانے کی تربیت اور نصیحت ضرور کریں۔ ہر سال تقریباً 1.3 ملین لوگوں کی زندگیاں سڑکوں پر ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ختم ہو جاتی ہیں۔

# بلوچستان میں گندم کی نقل وحمل پر عائد پابندی ختم کردی گئی ہے حکومت بلوچستان

بلوچستان میں آنے والے دنوں میں آٹے کا بحران پیدا نہیں ہوگا رواں سال دس لاکھ گندم کی بوریاں خریدنے کا ہدف مکمل کرلیا ہے، فرح عظیم شاہ

سیلاب متاثرین کی بحالی شروع نہیں کی گئی تو صوبہ 30 سال پیچھے چلا جائیگا، رواں سال صوبے کے کاشت کاروں کیلئے 4 ہزار فی بوری قیمت مقرر کی گئی ہے

امید ہے ورلڈ بینک سے امداد جاری ہونے کا عمل جلد مکمل ہو جائے گا بلوچستان میں نیشنل گیمز کا انعقاد بڑا اقدام ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ترجمان بلوچستان حکومت فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں گندم کی نقل و حمل پر عائد پابندی ختم کردی گئی ہے سیلاب متاثرین کی بحالی شروع نہیں کی گئی تو صوبہ 30 سال پیچھے چلا جائے گا، رواں سال صوبے کے کاشت کارو......

بقیہ نمبر 31 صفحہ 9 پر

ں کیلئے 4 ہزار فی بوری قیمت مقرر کی گئی ہے، 26 مئی سے دفعہ 144 اٹھالیا جائے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آنے والے دنوں میں آٹے کا بحران پیدا نہیں ہوگا رواں سال دس لاکھ گندم کی بوریاں خریدنے کا ہدف مکمل کرلیا ہے، 7 لاکھ بوری مقامی سطح پر اور 3 لاکھ بوری پنجاب سے خریدنے کا ہدف تھا۔ انہوں نے کہا کہ 7 لاکھ نصیر آباد اور 3 لاکھ بوریاں پنجاب اور پاسکو سے خریدی جائے گی رواں سال صوبے کے کاشت کاروں کیلئے 4 ہزار فی بوری قیمت مقرر کی گئی ہے۔

# افواج پاکستان کی تکریم قوم کے دلوں میں موجود ہے، وائس چانسلر چاکر خان یونیورسٹی

پاک فوج کے شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت ارض پاک میں امن و امان کی فضاء قائم و دائم ہے

شہداء کی قربانیوں پر فخر و ناز ہے کوئی بھی شہداء کے مقام و مرتبے کو نہیں پہنچ سکتا، ڈاکٹر مشتاق احمد شاہ کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) میر چاکر خان یونیورسٹی میں بھی یوم تکریم شہداء پاکستان کی پروقار تقریب وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید مشتاق احمد شاہ کی زیر نگرانی آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوئی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا بعد ازاں قومی ترانہ بجایا گیا جس کے احترام میں تمام شرکا تقریب احترام کھڑے رہے یوم تکریم شہداء پاکستان کی تقریب سے مہمان خصوصی میڈم مہوش سلفانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہدا پاکستان کی عزت و تکریم پاکستانیوں کے دلوں سے کوئی نہیں نکال سکتا ہر پاکستانی شہری کے دل میں افواج پاکستان، پولیس، لیویز ودیگر سیکیورٹی اداروں کی عزت وتکریم دلوں میں موجود ہے صرف 25 مئی نہیں بلکہ ہمارا ہر دن یوم تکریم شہدا پاکستان ہونا چاہیے ان کی لازوال قربانیوں کی بدولت امن وامان کی فضاء قائم ودائم ہے قیام امن کیلئے افواج پاکستان، پولیس، لیویز ودیگر سیکیورٹی اداروں کے شہداء کی قربانیوں کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا کیونکہ شہدا پاکستان ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں انکی لازوال قربانیوں کی قدر کی جائے شہداء پاکستان اور انکے لواحقین کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں زیر تعلیم طالبہ کے ہاں بچے کی ولادت ہوئی مگر انکے شوہر بچے کی پیدائش سے ایک ماہ قبل شہید ہوگے تاریخ گواہ ہے کہ ہماری ماں کے بہادر بیٹوں، بہنوں کے دلیر بھائیوں اور بیٹیوں کے جرات مند شوہروں نے قیام امن کی بحالی کیلئے اپنا تن من دھن سب قربان کردیا۔

## بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش ہوگی، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ موسمیات نے اگلے دو روز تک کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش اور مختلف علاقوں میں شدید گرمی کی پیش گوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج (ہفتہ) کو بلوچستان کے مختلف علاقوں میں موسم شدید گرم اور خشک رہے گا جبکہ شیرانی، موسیٰ خیل، کوہلو میں آندھی اور اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

## کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کیے گئے۔



# واجبات کی عدم ادائیگی پر ایوب سٹیڈیم کی بجلی منقطع

محکمہ کھیل 39 لاکھ سے زائد کا نادہندہ، نیشنل گیمز کے کئی ایونٹس متاثر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ کھیل کیسکو کا نادہندہ نکلا واجبات کی عدم ادائیگی پر ایوب اسٹیڈیم کی بجلی منقطع کردی گئی بجلی کی سپلائی معطل ہونے پر نیشنل گیمز کے کئی ایونٹس متاثر ہوگئے محکمہ کھیل کے ذمہ کیسکو کے 39 لاکھ 14 ہزار 4 سو 23 روپے واجبات ہیں فنڈز ہونے کے باوجود محکمہ کھیل نے بلوں کی ادائیگی ٹال مٹول سے کام لیا جارہا ہے کیسکو ترجمان کے مطابق محکمہ کھیل حقیقی معنوں میں کیسکو کا مقروض ہے شکایات کے باوجود بھی بجلی کے واجبات ادا نہیں کئے گئے ادائیگی نہ کرنے پر بجلی منقطع کی گئی ہے تاہم امید ہے کہ محکمہ کھیل کے حکام جلد بجلی واجبات ادا کردیں گے جس کے بعد بجلی بحال کردی جائے گی۔

# سبی میں مضر صحت دودھ بیچنے والوں پر مکمل پابندی عائد کا فیصلہ

کیمکل، پانی ملاوٹ، بھینس کو مضر ٹیکے لگا کر دودھ حاصل کرنے کے بعد فروخت کرنے والوں کیخلاف کاروائی کا آغاز

ڈیری فارم و ملک شاپ مالکان پیسے کی ہوس میں اندھے ہوکر انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں، ڈی آئی جی علی شیر جکھرانی

سبی (ن ن) ڈی آئی جی پی سبی رینج علی شیر جکھرانی کی صدارت میں دودھ ڈیری فارم و ملک شاپ ہولڈرز کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ADIG سبی شاہد کمال سیلاچی، DSP سرکل عبدالحفیظ جکھرانی، SHO سٹی سبی شریف خان ناصر اور دیگر بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی پی سبی رینج علی شیر جکھرانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیمکل ملا دودھ، پانی ملاوٹ، بھینس کو مضر ٹیکے لگا کر دودھ حاصل کرنے کے بعد فروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائی کا آغاز کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ تمام دودھ بیچنے والوں پر مناسب حکم تک مکمل پابندی عائد کی جاتی ہے اور دکانوں کو مکمل سیل کیا جاتا ہے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سبی میں کیمیکل و پانی ملا دودھ اور بھینس کو ٹیکہ لگا کر حاصل کیا گیا دودھ انسانی زندگی کے لیے خطرناک ہے دودھ سے کینسر اور کئی جان لیوا بیماریوں میں انسان مبتلا ہو چکے ہیں۔ ڈیری فارم و ملک شاپ مالکان پیسے کی ہوس میں اندھے ہوکر انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں اور قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سرکاری نرخ نامہ سے کہیں زیادہ داموں دودھ فروخت کر رہے ہیں سبی کی عوام نے بھی اس اقدام کو سراہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ اقدام ایک بہت بڑی نیکی ہے اعلیٰ ظرف آفیسر کے لئے دعا گو ہیں۔

# سردار اختر مینگل کی تمام ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

## تمام تر کام وقت پر مکمل ہونے چاہئیں، منصوبوں میں ناقص میٹریل کے استعمال سے گریز کیا جائے

### بی این پی سربراہ کا لاکھی بھٹ سونارو ڈیم وڈھ کا دورہ، ایکسین نے تعمیراتی کام اور فزیبلیٹی سے متعلق بریفنگ دی

وڈھ (نمائندہ انتخاب) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل نے لاکھی بھٹ سونارو ڈیم وڈھ کا دورہ کیا۔ پروجیکٹ دورہ کے موقع پر بی این پی کے سربراہ کو ایکسین نے ڈیم کے تعمیراتی کام اور فزیبلیٹی سے متعلق بریفنگ دیا۔ سردار اختر جان مینگل نے افسران کو ہدایت کی کہ علاقے میں تمام ترقیاتی کام بروقت مکمل کیے جائیں اور ناقص میٹریل کے استعمال

بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر

سے گریز کیا جائے۔ اس موقع پر سردار اختر مینگل کے پرسنل سیکرٹری محمد شفیع مینگل، ایس ڈی اے او ولی محمد مینگل، محمد نعیم شاہیزئی بلوچستان نیشنل پارٹی تحصیل وڈھ کے صدر مجاہد عمرانی اور ٹھیکیدار نجیب اللہ بھی موجود تھے۔

# بلوچستان اسمبلی اپنی وقعت کھو چکی اپوزیشن نام کی مخلوق نہیں

جان محمد بلیدی

## صوبے پر تاریخ کی کرپٹ ترین حکومت مسلط ہے، ٹھپہ ماری کی پیداوار جعلی نمائندے اربوں روپے ہڑپ کر رہے ہیں

### پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی کے نام پر کروڑوں روپے کی بندر بانٹ کی گئی بھل صفائی پر سمجھوتہ نہیں کرینگے، مظاہرین سے خطاب

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی اور بی ایس او پجار کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے پٹ فیڈر کینال کی ناقص بھل صفائی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم، شگافوں کو تاحال پر نہ کرنے اور بھل صفائی کے فنڈ میں میگا کرپشن کے خلاف نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرہ سے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پر تاریخ کا کرپٹ ترین

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

حکومت مسلط ہے ٹھپہ ماری کی پیداوار جعلی نمائندے اربوں روپے ہڑپ کر رہے ہیں پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی کے نام پر کروڑوں روپے کی بندر بانٹ کی گئی ہے، بھل صفائی پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، نیشنل پارٹی پٹ فیڈر ریلی کے مقام پر بھی ناقص بھل صفائی کے خلاف دھرنا دے گی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 2018ء کے انتخابات میں ٹھپہ ماری کے ذریعے تاریخ کا بدترین سرکار مسلط کیا گیا جس کی بدولت آج بلوچستان کسمپرسی کا شکار ہے ہر طبقہ فکر کے لوگ سراپا احتجاج ہیں ان ہی کرپٹ عناصر کی وجہ سے آج بلوچستان اسمبلی اپنی وقعت کھو چکی ہے اپوزیشن نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی، پورا اسمبلی لوٹ مار میں لگا ہوا ہے ایم پی اے اور وزیر خود ٹھیکیداری کر رہے ہیں پٹ فیڈر کی جس نہر سے ان کی اپنی زمینیں سیراب ہوتی ہیں اسی کینال کی بھل صفائی کے پیسے بھی ہڑپ کر رہے ہیں 12 کروڑ روپے ایمرجنسی کے نام پر بغیر ٹینڈر نکالا گیا ہے مزید کروڑوں کی رقم بھی بغیر ٹینڈر ہڑپ کی جا رہی ہے جس کی اجازت قطعی طور پر نہیں دی جائے گی، محکمہ تعلیم کی اسامیوں کا سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے ذریعے سودا لگایا جا رہا ہے ان آسامیوں پر تعیناتیاں روک کر بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے شفاف بھرتیاں کی جائیں، مظاہرین سے نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان اسلم بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نااہل اور کرپٹ حکمرانوں کی وجہ سے بلوچستان برائے فروخت ہے، ریکوڈک کا سودا کرنے کے بعد اب پہاڑ، پارک، بنجر زمینیں، پلاٹ، کیا زمی الاٹ اور لیز کرانے میں سارے ایم پی اے لگے ہوئے ہیں بلوچستان کو کنگال کرنے کے بعد اب نصیر آباد جعفر آباد گرین بیلٹ کو صحرا بنانے کے لئے دو میں ہیں نہروں کی صفائی کے سارے پیسے ہڑپ کیے جا رہے ہیں ان کے خلاف نیشنل پارٹی نے بلوچستان ہائی کورٹ سے بھی رجوع کیا ہے اور اگر ہمیں انصاف نہیں ملا تو پٹ فیڈر ریلی پر دھرنا دیکر احتجاج بھی کیا جائے گا

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 27 MAY 2023    Page No: 15


## اوستہ محمد: شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے 12 سالہ بچہ جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے 12 سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا پولیس نے ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے نواحی خانپور میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے 12 سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا پولیس نے بروقت کاروائی کر کے ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا۔

## چیک پوسٹ پر دستی بم پھینک دیا گیا

بھکور (نامہ نگار) فیضوک چوک پر سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ کے قریب نامعلوم افراد نے دستی بم پھینک دیا تاہم اس کے پھٹنے سے کسی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

## کمپیوٹر سینٹر میں چوری کے بعد توڑ پھوڑ

تو کنڈی (نامہ نگار) تو کنڈی بوائز ہائیر سیکنڈری سکول میں واقع لینگویج اینڈ کمپیوٹر سینٹر میں گزشتہ شب چوری کی واردات کے دوران نامعلوم افراد نے توڑ پھوڑ کر کے ریکارڈ کو بھی نقصان پہنچایا سینٹر کے طلباء نے احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

# اقدام قتل اور مفرور ملزم سمیت 8 افراد گرفتار اسلحہ برآمد

**شفیع اللہ مفرور ملزم تھا، عرفان اور ظفر اللہ کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل اور موبائل فون قبضہ میں لے لئے گئے**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ، مفرور، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب، ملزمان کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، اور دیگر سامان برآمد کر کے قبضے میں لے لیا ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر، ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر انڈسٹریل پولیس نے مفرور ملزم شفیع اللہ کو گرفتار بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

کر لیا جبکہ کچلاک پولیس نے نعمت اللہ، احمد اللہ اور صاحب جان کو گرفتار کر کے اسلحہ مسروقہ سامان برآمد کر لیا اسی طرح بروری پولیس نے نامزد ملزم عرفان، قائد آباد پولیس ظفر اللہ کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا سریاب پولیس نے 2 مختلف کاروائیوں میں ملزم قدرت اللہ سے موبائل فون اور محمد حسین سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر کے قبضے میں لے لیا تمام گرفتار ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

## ہرنائی بم حملہ، جاں بحق افراد کی تدفین

سنجاوی (نامہ نگار) ہرنائی زرد آلو میں بم دھماکے میں جاں بحق افراد سنجاوی اور لورالائی میں سپرد خاک نماز جنازوں میں صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت۔ گذشتہ روز سنجاوی کے دو باشندے خیر محمد کنڈی کا نماز جنازہ سنجاوی میں ادا کرنے کے بعد لورالائی میں سپرد خاک کر دیا، اور بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

شراف الدین دمڑ کو سنجاوی کلی تنگ میں سپرد خاک کر دیا نماز جنازوں میں سینئر صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی حاجی نور محمد دمڑ سمیت قبائلی مشران علماء کرام کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ یاد رہے گزشتہ روز ہرنائی زرد آلو میں گاڑی کو بم سے اڑا لیا گیا جس میں سنجاوی کے یہ دو افراد گاڑی میں شہید ہوئے۔

## تربت میں سیکورٹی فورسز کی چوکی پر راکٹ فائر

تربت (نمائندہ انتخاب) آپسر میں سیکورٹی فورسز کی چوکی کے قریب تین راکٹ گولے فائر۔ پولیس کے مطابق آپسر بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر

میں نامعلوم سمت سے راکٹ کے تین گولے فائر کیے گئے جو آپ ورک نال کے قریب واقع چیک پوسٹ کے قریب گرے، تاہم کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ پولیس کی کاروائیاں 8 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ، مفرور، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب، ملزمان کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، اور دیگر سامان برآمد کر کے قبضے میں لے لیا ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 9 پر

اظفر مہیسر، ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر انڈسٹریل پولیس نے مفرور ملزم شفیع اللہ کو گرفتار کر لیا جبکہ کچلاک پولیس نے نعمت اللہ، احمد اللہ اور صاحب جان کو گرفتار کر کے اسلحہ مسروقہ سامان برآمد کر لیا اسی طرح بروری پولیس نے نامزد ملزم عرفان، قائد آباد پولیس ظفر اللہ کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا سریاب پولیس نے 2 مختلف کاروائیوں میں ملزم قدرت اللہ سے موبائل فون اور محمد حسین سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر کے قبضے میں لے لیا تمام گرفتار ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

## حب میں ٹرانزٹ کنٹینر پر مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ڈرائیور زخمی

حب (یو این اے) بلوچستان کے ضلع حب میں ٹرانزٹ کنٹینر پر مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ حب بائی پاس پر مسلح موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے ٹرانزٹ کے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 9 پر

خالی کنٹینر پر فائرنگ سے ڈرائیور امین اللہ سکنہ چمن زخمی ہو گیا زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ڈرائیوروں نے احتجاجاً قومی شاہراہ بند کر دی۔

## وندر پولیس کی کاروائی، منشیات برآمد، ملزم گرفتار

وندر (یو این اے) وندر پولیس کی کاروائی ایک شخص کو حراست میں لیکر 2 کلو 450 گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایس پی حب مراد خان اور ڈی ایس پی وندر منور علی شیخ کی ہدایت پر ایس ایچ او پولیس تھانہ وندر عبدالحق موسیانی، اسسٹنٹ........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 9 پر

سب انسپکٹر نظر محمد انگاریہ، اسسٹنٹ سب انسپکٹر عبدالحق انگاریہ، امان اللہ نمانی، محمد حنیف انگاریہ، تاج محمد لنگاہ نے دوران گشت مین ایکو شاہراہ پر ایک شخص کو مشکوک جان کر جب اس کی جامہ تلاشی لی تو زیر جامہ سے دو کلو چار سو پچاس گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد ہوئی جس پر وندر پولیس نے خیر بخش ولد حبیب خان سکنہ [illegible] کو حراست میں لیکر اس کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے اس سے مزید تفتیش شروع کر دی۔

## سرکاری نمبر پلیٹ والی گاڑی سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد

کوئٹہ (آئی این پی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کوئٹہ سے سندھ منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے جعلی سرکاری یونیفارم میں ملبوس ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ناکہ بندی کے ذریعے جعلی سرکاری ڈیگو پک اپ گاڑی کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ ملزم نے ناکہ توڑ کر فرار ہونے کی کوشش کی جس پر اے این ایف کی بروقت کاروائی سے ملزم کا تعاقب کیا اور کوئٹہ بی روڈ کے قریب ملزم کی گاڑی زبردستی رکوانے کے بعد گاڑی سے 700 کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

DATE: 27 MAY 2023

Page No: 16

Bullet No. 5


## شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، کاظم لونی

پٹ فیڈر نہر میں آب کلانی اور بھل صفائی کیوجہ سے پانی کی بندش کے باعث شاٹ فال درپیش ہے، ایکسین پی ایچ ای

عوام پینے کے صاف پانی کو ضائع کرنے سے گریز کریں، جلد پانی کے شاٹ فال کو ختم کردیں گے، مشرق سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) محکمہ پی ایچ ای ڈیرہ مراد جمالی کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے پٹ فیڈر نہر میں پانی نہ ہونے کے باعث پی ایچ ای کے تالابیں خشک ہونے جارہی ہے جوں ہی پٹ فیڈر نہر میں ڈیرہ مراد جمالی کے مقام پر پانی پہنچے گی تو فوری طور پر تمام تالابیں بھر کر پینے کے پانی کی شاٹ فال کو ختم کردیں گے ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے پانی کو ضائع کرنے سے گریز کریں پی ایچ ای وقت پر پورے شہر کو بلاتعطل پانی کی فراہمی کو یقینی بناتی ہے ان خیالات کا اظہار ایکسین پی ایچ ای نصیر آباد محمد کاظم لونی نے نمائندہ مشرق ڈیرہ مراد جمالی وحید رزاق بنگلزئی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای ڈیرہ مراد جمالی کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو بلاتعطل جاری رکھ کر روزانہ کی بنیاد پر عوام کو پانی کی فراہمی پابندی سے جاری رکھے ہوئے ہے تاہم پٹ فیڈر نہر میں شیڈول کے مطابق آب کلانی اور بھل صفائی کی غرض پانی کی بندش کے باعث پی ایچ ای کو بھی پانی کی شاٹ فال درپیش ہے شدید گرمی میں روزانہ کی بنیاد پر ڈیرہ مراد جمالی شہر کو ہزاروں گیلن پانی سپلائی ہورہی ہے محکمہ پی ایچ ای ڈیرہ مراد جمالی کے تمام چھوٹے بڑے پائپ لائنوں کی دیکھ بھال اور ڈیرہ مراد جمالی کے تمام باسیوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی تک کبھی بھی آرام سے نہیں بیٹھے گی انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے صاف پانی کو ضائع کرنے سے گریز کریں پانی ایک اہم اور بڑی نعمت ہے الحمد اللہ ہم نے عوام کے ضروریات سے بھی زائد پانی اسٹور کرکے شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی کو یقینی بنا کر کسی کو بھی شکایات کا موقع فراہم نہیں کرینگے پانی کی فراہمی کے سلسلے میں پی ایچ ای عملہ شہریوں کی خدمت کے لئے چوبیس گھنٹے تیار کھڑے ہیں میرا دروازہ عوام کے لئے ہروقت کھلا ہے۔


Century Express Quetta


## ریلوے سوسائٹی جوائنٹ روڈ وملحقہ علاقوں کی گیس تین روز سے بند

سدرن گیس کی جانب سے تعمیراتی کام کے نام پر تین روز سے گیس بند ہے

کوئٹہ (یو این اے) سوئی سدرن گیس کمپنی کی نااہلی، ریلوے سوسائٹی جوائنٹ روڈ اور گردونواح کے علاقے تین روز سے گیس سے محروم، گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے علاقہ مکین بالخصوص خواتین سخت مشکلات سے دوچار ہیں، علاقہ مکینوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر گیس کی بحالی کیلئے احکامات دیں کوئٹہ کے علاقے ریلوے کالونی کے رہائشی گزشتہ تین دنوں سے گیس کی سہولت سے محروم ہیں، سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے تعمیراتی کام کے نام پر غیر اعلانیہ طور پر ریلوے سوسائٹی اور مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل کررکھی ہے، سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے جوائنٹ روڈ، ارباب کرم خان روڈ، منو جان روڈ، سریاب روڈ، بروری روڈ پر تعمیراتی کام کے نام پر شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل ہے گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے لوگوں بالخصوص خواتین کو گھریلو امور خانہ میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے علاقہ مکینوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی نااہلی کا نوٹس لیکر عوام کو گیس کی فراہمی یقینی بنایا جائے۔


92 نیوز کوئٹہ


## کچھی میں ملیریا اور ٹائیفائیڈ پھیل گیا، حکومت غافل

بارشوں سے ضلع بھر میں مچھروں کی یلغار، بچے اور بزرگ شدید متاثر، عوام کو مچھر مار اسپرے نہ مچھر دانیاں مل سکیں

بیشتر دیہات کے لوگ سندھ کے اسپتالوں کا رخ کرنے پر مجبور، مچھر دانیاں، ٹیسٹ کٹس، دوائیں فوری فراہم کی جائیں، شہری

بولان (نامہ نگار) کچھی میں ملیریا اور ٹائفائیڈ جیسے وبائی امراض تیزی کے ساتھ پھیل رہے ہیں، گزشتہ سیلاب اور حالیہ طوفانی بارشوں اور ژالہ باری کی وجہ سے ضلع بھر میں مچھروں کی یلغار سے بچوں اور بزرگوں میں بیماریاں پھیل رہی ہیں، عوام کو مچھر مار اسپرے نہ مچھر دانیاں مل سکیں، کچھی، ڈھاڈر، مچھ، بالاناڑی، بھاگ، سنی کے عوام نے ذمے دار محکموں سے جلد از جلد مچھر مار اسپرے اور مچھر دانیاں دینے کا مطالبہ کردیا، تفصیلات کے مطابق بلوچستان بھر کی طرح ضلع کچھی گزشتہ سال کی طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال سے بہت متاثر ہوا ہے، گزشتہ ماہ ہونے والی بارشوں اور ژالہ باری سے مچھ، ڈھاڈر، بالاناڑی، بھاگ، سنی، شوران میں مچھروں کی یلغار ہوگئی، ملیریا اور ٹائفائیڈ کے وبائی امراض نے عوام کو لپیٹ میں لے لیا، بچوں اور بزرگوں میں بیماریاں تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہیں، وبائی امراض ضلع کے دیہی علاقوں میں ہر دوسرے شخص کو تیزی کے ساتھ لوگوں کو لپیٹ میں لے رہے ہیں، اب تک ضلع بھر میں ایک ہزار کے قریب مرد، خواتین اور بچوں میں ملیریا، ٹائفائیڈ جیسی بیماریاں پائی گئی ہیں، زیادہ تر لوگوں میں ملیریا بخار کے ساتھ ہی ٹائفائیڈ بخار بھی پایا جارہا ہے جس سے مریض کی حالت انتہائی خراب ہونے کے باعث بیشتر دیہات کے لوگ سندھ کے اسپتالوں کا رخ کررہے ہیں، دواؤں کی کمی اور ٹیسٹ کٹس نہ ہونے کی وجہ سے عوام پرائیویٹ اسپتالوں، ضلع وصوبے سے باہر علاج کروانے پر مجبور ہیں، محکمہ صحت کی طرف سے ضلع کچھی میں نہ مچھر مار اسپرے اور مچھر دانیاں تقسیم کی گئیں، مچھروں کے یلغار میں روز بروز اضافہ ہورہا جس سے ضلع کچھی بھر میں وبائی امراض تیزی سے لپیٹ میں لے رہا جو جانی نقصان کا اندیشہ بھی ہوسکتا ہے، کچھی، ڈھاڈر، بالاناڑی، مچھ، بھاگ، سنی، شوران کے عوامی، سیاسی وسماجی شخصیات نے محکمہ صحت اور ذمے دار حکام بالا ضلع کچھی میں جلد از جلد مچھر مار اسپرے، مچھر دانیوں کی فراہمی اور ٹیسٹ کٹس دوائیں فوری طور پر ممکن بنائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 27 MAY 2023 Page No: 17

# گوادر پورٹ کی فعالیت، خوشحال بلوچستان کا خواب!

گوادر بندرگاہ کی فعالیتاور چین کی بڑھتی دلچسپی سے بہت جلد خوشحال بلوچستان کا خواب پورا ہوگا ماضی میں سی پیک منصوبوں میں ست روی کے باعث مایوسی پیدا ہوگئی تھی جبکہ چین کی جانب سے بھی ناراضی دیکھنے میں آیا تھا مگر خطے میں جس طرح سے معاشی، سفارتی، دفاعی تعلقات میں تبدیلی آرہی ہے اس سے یقیناً ہر ملک اپنے مفادات کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے دوست ممالک سے روابط کو مزید گہرے تعلقات میں تبدیل کرنا چاہے گا۔ پاک چین تعلقات میں مضبوطی ماضی میں بھی بہت شاندار رہی ہے مگر حالیہ مثال جو چین نے ایک دوست ملک کے طور پر قائم کیا اس کی نظیر نہیں ملتی جب آئی ایم ایف کے شرائط سامنے آئے جس پر چین نے سب سے پہلے پاکستان کی مالی مدد کی۔ بہرحال اب گوادر بندرگاہ سے براہ راست برآمدات کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے اس سے گوادر بندرگاہ میں کاروباری سرگرمیاں بڑھ جائیں گی اور سرمایہ کاری میں بڑے پیمانے پر اضافہ ہوگا اس کا فائدہ پاکستان کی معیشت کو ہوگا۔ گوادر معاشی ترقی کا گیٹ وے ہے جس سے مختلف ممالک کے ساتھ تجارت کو وسعت دی جاسکتی ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ موجودہ حکومت اپنی کم مدت کے دوران جتنی بھی بہترین پالیسیاں بناسکتی ہے اس پر ہنگامی بنیادوں پر کام کرنا شروع کردے تاکہ آئندہ آنے والے سالوں کے دوران ملک کو درپیش معاشی چیلنجز سے نمٹا جاسکے۔ بہرحال گوادر بندرگاہ سے چین کو پہلی بار براہ راست برآمدات کا آغاز ہوگیا۔ ٹریڈنگ کمپنی کے سی ای او اینڈی لیاو نے کہا کہ

گوادر بندرگاہ سے 24 مئی کو چین نے اپنی پہلی براہ راست برآمد شروع کی، دواسازی کے خام مال لے جانے والے پانچ کنٹینرز گوادر فری زون سے چینی بندرگاہ شہر تیانجن، ہینگنگ کے لئے روانہ ہوئے اور یہ کھیپ 30 دن کے اندر چین پہنچ جائے گی۔ مزید برآں اسے ایک اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کمپنی کے سی ای او اینڈی لیاو نے کہا جون سے، ہم درآمدی اور برآمدی سامان کے حجم میں اضافہ کریں گے۔ یہ گوادر کے لئے ایک بہت بڑی کامیابی اور تاریخی لمحہ ہے۔ گوادر پورٹ چین پاکستان اقتصادی راہداری کی اعلیٰ معیار کی ترقی کی رہنمائی کررہی ہے جو چین کے مجوزہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کا ایک اہم پائلٹ پروجیکٹ ہے اور دوطرفہ تعاون کو گہرا کرنے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ براہ راست برآمدات پاکستان کو ترسیلات زر بڑھانے اور پاکستان کی معیشت کو بہتر بنانے میں کردار ادا کریں گی۔ پاکستان اور چین کے درمیان آسان برآمدی سہولیات دیکھ کر مزید سرمایہ کار اور کمپنیاں پاکستان آئیں گی۔ ہمارا خصوصی شکریہ کسٹمز اور ٹرمینل کارپوریشن کا ان کی 5 اسٹار سروس کے لئے ہے۔ کمپنی کے ٹریڈنگ مینیجر عبدالرزاق کے مطابق گوادر کے 30 مقامی ورکرز کو فارماسیوٹیکل خام مال کی پروسیسنگ کے لئے کام پر رکھا گیا تھا۔ اس تاریخی کامیابی پر گوادر فری زون اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے اسے بے حد سراہا جارہا ہے۔ امید ظاہر کی جارہی ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان گوادر کو RMB سیٹلمنٹ کے لئے ایک پائلٹ پارک کے طور پر استعمال کرسکتا ہے کیونکہ یہ مزید سرمایہ کاروں کو گوادر میں سرمایہ کاری کے لیے راغب کرے گا اور برآمدات سے زرمبادلہ بھی حاصل ہوسکتا ہے جو پاکستان کی اقتصادی ترقی کے لئے مددگار ہے۔ پاک چین حکام کی جانب سے جس طرح سے گہری دلچسپی گوادر پورٹ پر بڑھتی جارہی ہے اس سے یہ امید پیدا ہوگئی ہے کہ آنے والے سالوں میں گوادر کی تقدیر تو بدل جائے گی مگر بلوچستان کی محرومیوں اور پسماندگی کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ بلوچستان دیگر صوبوں کے ساتھ ترقی کی دوڑ میں شامل ہوگا جو اب تک پیچھے رہا ہے جس کیلئے وفاقی حکومت کی سنجیدگی ضروری ہے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 27 MAY 2023 Page No: 18


## فورسز اور عوام اپنے ملک کی خاطر ہر قربانی دینے کو تیار ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز اور عوام اپنے ملک کی خاطر ہر قربانی دینے کو تیار ہیں اپنوں کیساتھ لڑنا بہت مشکل، ہمارے لوگوں کو استعمال کیا جاتا ہے ہمسایوں میں ملک کے خلاف بولنے والوں کو پھانسی دیا جاتا ہے جبکہ ہم بندوق اٹھانیوالوں کو بھی گلے لگاتے ہے مرنا تو سب نے ہے مگر شہادت کی موت کی بات ہی الگ ہے پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے اداروں کی کردار کشی قابل قبول نہیں پی ٹی آئی والوں یہ کہتا ہوں کہ یہ ہمارا شیوہ نہیں جو انہوں نے کیا ہمیں اپنے فورسز کی قربانیوں کا احترام کرنا چاہیے ہمیں اپنے فورسز کو مضبوط کرنا ہے۔ اس موقع پر کور کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر، سینٹر ایم پی آر روشن علی شیخ، ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہسر و دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ شہداء کی قربانیوں کو کبھی بھلا نہیں سکتے، فورسز نے ہمیشہ وطن عزیز کی حفاظت کی، افواج پاکستان، پولیس، لیویز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ہمیشہ اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر امن وامان کے قیام کیلئے قربانیاں دیں، بلوچستان وہ صوبہ جہاں ایک دوسرے کی فاتحہ خوانی کیلئے نہیں جاسکتے اس وقت حالات قدرے بہتر ہے بڑے بڑے پروگرام منعقد ہوئے، شہدا کو بھلا کر ہم ان کے ساتھ بہت بڑی ناانصافی کرینگے، اگر آج پولیس لیویز کا کوئی بھی مطالبہ ہوں تو اس کو تسلیم کیا جائے گا۔ جب فورسز وردی پہنتے ہیں تو وہ ذہن میں رکھتے ہیں کہ وہ ملک اور وطن کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، تمام فورسز نے دہشتگردی کے خلاف یہ کامیابی حاصل کرلی ہے کہ یا تو دہشتگرد رہیں گے یا پھر وہ اتنی بڑی دہشتگردی اور پھر اپنے لوگوں کے ساتھ لڑنا مشکل ہے، ہمارے لوگوں کو دہشتگردوں پر بھیج دیا گیا پاکستان واحد ملک ہے جو بندوق اٹھانے والے کو گلے سے لگاتے ہیں، ہمسایہ ممالک میں اگر کوئی ملک کے خلاف بات کرے تو پھر انہیں پھانسی دی جاتی ہے لیکن ہمارے ہاں بندوق اٹھانے والے کو گلے لگایا جاتا ہے فورسز کی محنت لگن اور قربانیوں سے آج ہم پرامن ماحول میں سانس لے رہے ہیں، بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے پہلا صوبہ ہے جو بلدیاتی انتخابات کا انعقاد کروا سکی اور کسی نے کوئی انگلی نہیں اٹھائی کہ مشینری استعمال کیا گیا ہوں، انہوں نے کہا کہ جس دن موت لکھی ہوئی کوئی ٹال نہیں سکتا، خوف لیکر گھومتے رہیں گے تو زندگی اجیرن ہو جائے گی زندگی اللہ کی مرضی کے بغیر کوئی نہیں چھین سکتا جب تک وقت پورا نہ ہوں، آواران تو گوا ریا بنا ہوا تھا لیکن وہاں سے میں الیکشن لڑکر آیا ہوں کسی کے مارنے سے پہلے وہ خوف ہمیں مار دے گا۔ عام عوام اور فورسز کسی چیز سے نہیں ڈرتے بلکہ ہمارا ایمان ہے کہ موت جب آنی ہے تو پھر کوئی نہیں روک سکتا، سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے، فورسز کے ساتھ جس طرح کا رویہ اپنایا گیا وہ پاکستانی کیلئے اچھی بات نہیں، اس طرح کے رویہ کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ہمیں اپنے اداروں کو مضبوط کرنا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے فورسز کے ساتھ رویہ اپنایا گیا وہ قابل افسوس ہے ایسے رویہ سے بغض آجائیں ہمیں اپنے فورسز کی قربانیوں کو بھولنا نہیں چاہیے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولیں گے وہی قومیں آگے بڑھتی ہیں جو اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں آج اگر ہمارے ملک میں امن وامان کی فضا ہے تو اس کا سہرا بھی ہمارے سیکیورٹی اداروں کو جاتا ہے کہ جنہوں نے ہر قسم کی مشکلات اور مسائل کے باوجود دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا اور ملک اور خصوصاً صوبے میں امن وامان کے قیام میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے یوم تکریم شہداء پاکستان کی مناسبت سے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر آج ہم سکون سے سوتے ہیں تو اس میں ہماری بہادر افواج، ایف سی، پولیس لیویز اور عوام کی بے پناہ قربانیاں شامل ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے صوبے میں حالات اس قدر خراب ہو گئے تھے کہ ہم اپنوں کی فاتحہ کے لئے بھی نہیں جاسکتے تھے لیکن یہ ہماری سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں ہیں کہ آج امن وامان کی صورتحال بہت بہتر ہیں ہم نے پی ایس ایل کا نمائشی میچ پولیس کے تعاون سے کروایا اور ابھی نیشنل گیمز کا انعقاد بھی پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے تعاون سے کروایا جارہا ہے اگر آج یہ تمام اہم ایونٹس ہم کروا رہے ہیں تو اس میں بلاشبہ ہماری بہادر افواج پولیس اور ایف سی کی قربانیوں کا ثمر ہے اور اگر ہم اپنے شہداء کی قربانیوں کو بھول جائیں تو یہ بہت بڑی ناانصافی ہوگی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم اپنے شہداء اور ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ہمیں ان کے خاندانوں کا بھی احساس ہے اور ان کی طرف سے جب بھی کوئی مطالبہ آیا ہے تو میں نے بغیر کسی تاخیر کے ان کے مطالبے پر فوری عمل درآمد کے احکامات صادر کئے ہیں ہم نے شہداء کی فیملیوں کے لئے حکومت کی جانب سے مالی معاونت 300 گنا بڑھادی ہے انہوں نے کہا کہ جب کوئی پاکستانی فورس کی وردی پہن لیتا ہے تو وہ سوچتا ہے کہ اب وہ اس ملک کے دفاع اور استحکام کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا۔

## تربت، کھجور فیکٹری کا قیام حکومت کا کسان دوست اقدام

تحریر: چاکر بلوچ

بلوچستان کا مکران ڈویژن کھجور کی پیداوار میں ایک اہم اور مرکز کی حیثیت رکھتا ہے جہاں پنجگور اور کیچ میں کھجور کے سرسبز وشاداب باغات اپنی مثال آپ ہیں، یہ نا صرف سیاحوں کیلئے باعث حیرت ہیں بلکہ یہاں سے سالانہ ملک بھر میں لاکھوں ٹن کھجور پیدا ہوتی ہے کھجور جملہ نعمت ہائے خداوندی میں سے ایک اہم نعمت ہے جسکا تذکرہ قرآن مجید میں بھی بھی ہے اس کے کھانے سے انسانی صحت پر بھی اسکے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں کھجور کی پیداوار میں ضلع کیچ نہایت مشہور ہے جہاں کیچ ریور کے ارگرد واقع کھجور کے خوبصورت باغات کے مناظر نہایت دلکش مناظر ہیں یہاں کے لوگوں کا ایک اہم ذریعہ معاش بھی کھجور کے انہی باغات پر منحصر ہے اور کھجور غریب عوام کیلئے پیٹ کی آگ بجھانے میں نہایت اہم کردار ادا کر رہی ہے اس جدید دور میں جہاں بین الاقوامی سطح پر مکران کے کھجور کو متعارف کیا جا رہا ہے نہایت حوصلہ افزاء ہے جبکہ اس سلسلے میں حکومت بلوچستان نے پہلی مرتبہ مکران کی سطح پر کام شروع کیا ہے جہاں پنجگور میں اماراتی حکومت کے تعاون سے حکومت نے کھجور کے فصل کی بہترین پیکنگ اور حفاظت کیلئے سمیت بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کیلئے حکومتی اقدامات معاون ومددگار ثابت ہونگے دوسری جانب ضلع کیچ کے تربت شہر کے قریب بھی کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے حکومتی سطح پر ایک سردخانہ قائم کیا گیا ہے جو کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے معاون ومددگار رثابت ہوگا۔ مکران میں دنیا بھر کی اعلیٰ اقسام کی کھجور پیدا ہوتی ہے جو حکومتوں کی عدم توجہی سے ماضی میں بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل نہیں کر پا لیکن اب حکومتی اقدامات کی بدولت مقامی لوگوں کو بہت زیادہ معاشی فوائد حاصل ہوں گے اس وقت کاروباری سرگرمیاں دن بدن تیزی کیساتھ بڑھتی جارہی ہیں اور موثر حکومتی اقدامات کی بدولت کاشتکاری اور زمینداری میں جدت اور بہتری بھی آتی جارہی ہے حکومت کی جانب کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے اقدامات اٹھانا نیک شگون ہے حکومت کی کوشش، خواہش اور ترجیح یہی ہے کہ مکران ڈویژن کے کھجور کی پیداوار عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کرے اس سے آنے والے وقتوں میں کسانوں اور کاشتکاروں کو ان کی محنت کا پھل اسے طریقے سے ملے گا اور اس کے نتیجے میں پورے علاقے میں معاشی اور معاشرتی خوشحالی وترقی کی نئی راہیں ہموار ہوں گی۔

Baakhabar Quetta

## تربت کجھور فیکٹری کا قیام شاندار حکومتی اقدام

تحریر: چاکر بلوچ

بلوچستان کا مکران ڈویژن کھجور کی پیداوار میں ایک اہم اور مرکز کی حیثیت رکھتا ہے. جہاں پنجگور اور کیچ میں کھجور کے سرسبز وشاداب باغات اپنی مثال آپ ہیں، یہ نا صرف سیاحوں کیلئے باعث حیرت ہیں بلکہ یہاں سے سالانہ ملک بھر میں لاکھوں ٹن کھجور پیدا ہوتی ہے. کھجور نعمت خداوندی میں سے ایک اہم نعمت ہے جسکا تذکرہ قرآن مجید میں بھی اس کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے، جبکہ اسکے کھانے سے انسانی صحت پر بھی اسکے مثبت اثرات مرتب ہوسکتے ہیں. کھجور کی پیداوار میں ضلع کیچ نہایت مشہور ہے جہاں کیچ ریور کے ارگرد میں واقع کھجور کے خوبصورت باغات کے مناظر نہایت دلکش مناظر ہیں. یہاں کے لوگوں کا ایک اہم ذریعہ معاش بھی کھجور کے انہی باغات پر منحصر ہے جو غریب عوام کیلئے پیٹ کی آگ بجھانے میں نہایت اہم کردار ادا کر رہی ہیں. اس جدید دور میں جہاں بین الاقوامی سطح پر مکران کے کھجور کو متعارف کیا جارہا ہے نہایت حوصلہ افزاء ہے جبکہ اس سلسلے میں حکومت بلوچستان نے پہلی مرتبہ مکران کی سطح پر کام شروع کیا ہے جہاں پنجگور میں اماراتی حکومت کے تعاون سے حکومت نے کھجور کے فصل کی بہترین پیکنگ اور حفاظت کیلئے سمیت بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کیلئے حکومتی اقدامات معاون ومددگار ثابت ہونگے. دوسری جانب ضلع کیچ کے تربت شہر کے قریب بھی کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے حکومتی سطح پر ایک سردخانہ قائم کیا گیا ہے جو کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے معاون ومددگار ثابت ہوگی. مکران میں دنیا بھر کے اعلیٰ اقسام وکوالٹی کی کھجور پیدا ہوتی ہے جو حکومتوں کی عدم توجہی سے ماضی میں بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل نہیں کرسکا ہے لیکن اب کی بار حکومتوں کے حالیہ اٹھائے گئے اقدامات سے کھجور کے فصل کا مستقبل تابناک ہے. اس وقت جہاں کاروباری سرگرمیاں دن بدن تیزی کیساتھ بڑھتی جارہی ہیں اور کاشتکاری وزمینداری کے کرنا مشکل امر بنتا جارہا ہے حکومت کی جانب کھجور کے فصل کی حفاظت کیلئے اقدامات اٹھانا مستقبل کیلئے ایک نیک شگون ثابت ہوگا، تاہم حکومت کی خواہش ہیں کہ وہ مکران میں کھجور کی پیداوار بڑھانے کیلئے اور اسے عالمی منڈیوں تک رسائی کیلئے یہاں پر مزید اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے جو کھجور کے فصل کی ترقی کیلئے اور اس سے جڑے لوگوں کیلئے انتہائی خوش آئند بات ہوگی

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

27 MAY 2023

Bullet No.________ DATE: ________ Page No: ________



کوئٹہ گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی ملاقات کررہے ہیں



گورنر کاکڑ کو امن وامان کی صورتحال اور ڈیجیٹل کنٹرول روم سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے نومنتخب چیئرمین ریڈ کریسنٹ بلوچستان شفقت لانگو ملاقات کررہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ایم کیو ایم کے رہنما ثناءاللہ آغا اور ملک حنیف ملاقات کررہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے قبائلی رہنما
طارق پانیزئی ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ یادگار شہداء پولیس پر گلدستہ چڑھا رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

DATE: 27 MAY 2023

Bullet No.______ Page No:______



وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی ملاقات کررہے ہیں



وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کو آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ بریفنگ دے رہے ہیں ضیاء لانگو موجود ہیں



وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزراء نصیب اللہ مری اور اسد بلوچ ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے پارلیمانی سیکرٹری بشریٰ رند رکن اسمبلی اختر حسین لانگو اور چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بات چیت کررہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ ملاقات کررہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ کو انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ شیلڈ پیش کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.________ DATE: 27 MAY 2023 Page No:________




**QUETTA:** Chief Minister Abdul Quddus Bizenjo being briefed about 3DC at CPO office on Friday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 27 MAY 2023 Page No: ________



پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بشریٰ رند یوم تکریم کے حوالے سے نکالی گئی
ریلی کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہی ہیں


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 27 MAY 2023 Page No: ________



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو آئی جی پولیس
عبدالخالق شیخ شیلڈ پیش کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو سی پی او دورے کے موقع پر ڈی تھری سی کے حوالے سے آئی جی
پولیس عبدالخالق شیخ بریفنگ دے رہے ہیں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو بھی موجود ہیں